Lesson-16

(Notes)

و العلم بحر لا ساحل له

# فقه القلوب

کتاب کا نام: موسوعة فقه القلوب فی ضوء القرآن والسنة

مؤلف: محمد بن ابراہیم بن عبد اللہ التويجري

تدریس: ڈاکٹر فرحت ہاشمی

# المقدمة (صفحه 22-23)

وقد جمعت فيه بفضل الله أقوال سلف الأمة في أصول الدين، ومقاصد الشريعة العظمى، ليستبين الحق من الباطل والهدى من الضلال، والرشد من الغي، والخير من الشر.

اور تحقیق میں نے اس میں جمع کیا ہے اللہ کے فضل کے ساتھ امت کے اسلاف کے اقوال دین کے اصول، اور شریعت کے بڑے مقاصد، تاکہ حق باطل سے واضح ہو جائے، اور ہدایت گمراہی سے اور رشد بھٹکنے سے اور خیر شر سے (واضح ہو جائے)۔

وقد توجت مسائله بالآيات القرآنية، والأحاديث النبوية، وزينتها بالبراهين العقلية، وبينتها بالأمثلة الحسية.

اور تحقیق میں نے تاج پہنایا اس کے مسائل کو قرآن کی آیات کے ساتھ، اور احادیث نبوی کے ساتھ اور میں نے مزین کیا اس کو عقلی دلائل کے ساتھ اور اس کو بیان کیا حسی مثالوں کے ساتھ (جو دیکھی جاسکتی ہیں tangible)

ولم نذكر في هذه الموسوعة من الأحاديث إلا ما ثبتت صحته ونسبته إلى النبي ﷺ، وأعرضنا عن كل حديث ضعيف، أو موضوع، أو باطل، أو منكر، أو شاذ، ولا أصل له، ليبقى الذهب خالصا، والمشرب صافيا، والبناء متينا، والسلعة ثمينة.

اور ہم نے اس انسائیکلوپیڈیا میں ان احادیث کا ذکر نہیں کیا مگر جن کی صحت اور اس کی نسبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ثابت ہو گئیں ۔ اور ہم نے ہر ضعیف، موضوع، باطل، منکر یا شاذ حدیث سے اعراض کیا جس کی کوئی اصل نہ ہو، تاکہ باقی رہ جائے خالص سونا(صاف ستھرا علم)، اور صاف پانی اور مضبوط عمارت اور قیمتی سودا۔

فجاء الكتاب بفضل الله محكم الفصول، محذوف الفضول، مقويا للإيمان، محركا للأعمال، مرغبا في أحسن الأخلاق، يطلق العقول من عقال الجهل والشك، ويطلق الجوارح لتعمل في ميادين الأعمال الصالحة.

تو اللہ کے فضل سے لائی گئی یہ کتاب مضبوط فصلوں والی، ہر فضول بات کو محذوف کر دیا گیا، ایمان کے لئے قوت دینے والی، اعمال کو حرکت دینے والی، اچھے اخلاق کی طرف رغبت دلانے والی، عقلوں کو آزاد کر دینے والی جہالت اور شک کی رسی سے، اور اعضاء کو آزاد کر دیتی ہے تاکہ وہ صالح اعمال کے میدان میں عمل کریں۔

وقد يسر الله لي ولك هذا المختصر اليسير، منطويا على العلم الغزير، وقد اجتهدت في جمعه وتيسير عرضه، فاجتهد وفقك الله في مطالعته وحفظه، والعمل بما فيه بعد فهمه، فلا خير في علم بلا عمل.

اور تحقیق اللہ نے میرے لئے اور تمہارے لئے آسان کر دیا، یہ مختصر اور آسان ہے، لپیٹا ہوا گھنا علم۔ میں نے بہت محنت کی ہے اس کو جمع کرنے اور آسان کرنے میں، اس کو پیش کرنے میں۔ تو تم سب بھی محنت کرو۔ اللہ تمہیں اس کے مطالعے کی توفیق دے، اور اس کے حفظ کی اور اس کو سمجھنے کے بعد اس پر عمل کرنے کی جو اس میں ہے۔ بغیر عمل کے علم میں کوئی بھی بھلائی نہیں۔

# سیکھنے کی باتیں

▪ اللہ کی جنت بہت مہنگی ہے، اس لیے بہت محنت کی ضرورت ہے۔

▪ زبان (عربی) سیکھنے کے لیے ضروری ہے کہ

جو زبان سیکھنی ہو اسکو بولیں، اگر پڑھنا ہے تو پڑھیں۔

ہر ہر لفظ پڑھ کر جس کا ترجمہ سمجھ نہ آئے اسکا ترجمہ دیکھیں۔

▪ ہر چیز محنت سے حاصل ہوتی ہے، مفت کچھ نہیں ملتا۔

▪ صرف استاد کے پڑھانے سے نہیں آتا، خود مشقت اور محنت کرنی پڑتی ہے۔

▪ علم میں اگر مسلسل خلل آتا رہے تو توجہ بھٹکتی ہے لہذا کچھ وقت پوری توجہ سے اس کتاب کی عربی پڑھیں، بغیر دیکھیں خود ترجمہ کرنے کی کوشش کریں۔

▪ غلطی کرنے والا زیادہ بہتر ہے اس سے جو اپنے اندر غلطی پالے رکھے اور اصلاح نہ کرے

## Website Link

https://data.alhudamedia.com/Media/Tarbiyyah/Fiqh_al-Qulub/Fiqh_al-Qulub-0016-Al-Muqaddimah_Wa_al-Ilmu_Bahrun_La_Sahila_Lahu_Page_22-23.mp3